SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ ۱۹۸۸

SINDH ORDINANCE NO.I OF 1988

سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۸

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ORDINANCE, 1988

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول V کی ترمیم
Amendment of Schedule V to Sindh Ordinance XII of 1979
۳۔ کچھ چیزوں پر روانگی محصول کی توثیق
Validation of Rawangi Mahsool on certain commodities

سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ ۱۹۸۸

SINDH ORDINANCE NO.I OF 1988

سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۸

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ORDINANCE, 1988

[۳۰ مئی ۱۹۸۸]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی، اور صوبے میں ضلع کاؤنسلوں کی طرف سے کچھ اشیاء پر روانگی محصول لگانے کی توثیق کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا اور صوبے میں ضلع کاؤنسلوں کی طرف سے کچھ اشیاء پر روانگی محصول لگانے کی توثیق کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ، سندھ اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور گورنر سندھ مطمئن ہے کے موجودہ صورتحال کی تقاضہ ہے کے فی الفور قدم اٹھایا جائے؛

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئتے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۸ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول V کی ترمیم
Amendment of Schedule V to Sindh Ordinance XII of 1979

۲۔ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کے شیڈول V کے حصہ III کی داخلا نمبر ٦ میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

کچھ چیزوں پر روانگی محصول کی توثیق

"بشرطیکہ روانگی محصول آگ جلانے کی لکڑیوں، عمارتوں میں استعمال ہونے والی لکڑی، گمدم، جو، چاول، کپاس (کتی ہوئی، غیر کتی ہوئی یا بیکار)، چینی یا چینی کی اشیاء جیسا کہ مصری، ریوڑی اور

Validation of Rawangi Mahsool on certain commodities

گڑ پر لگائی جائے گی، پھر وہ چیز یا مواد ریوینیو ضلع کی شہری حدود سے یا دیہی حدود سے برآمد کی جائے۔"۔

۳۔ جب تک کچھ مذکورہ آرڈیننس یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد عا کسی عدالت کے فیصلے، حکم یا ڈکری کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) سندھ حکومت، ہاؤسنگ، ٹاؤن پلاننگ بلدیاتی حکومت اور رورل ڈولپمنٹ ڈپارٹمنٹ نوٹیفکیشن نمبر SOV/DC-V(7)/85.PT.I مورخہ۱۲ جون ۱۹۸٦ کےتحت کچھ اشیاء پر روانگی محصول لگانے کا اختیار دیا گیا، جو ہمیشہ ایسے ہی نافذ سمجھا جائے گا اور اس پر عمل کیا جائے گا لیکن ضلع کاؤنسل حیدرآباد کی صورت میں اور ضلع کاؤنسل نوابشاہ کی صورت میں وہ پہلی ستمبر ۱۹۸۳ اور ۱۹ویں مئی ۱۹۸۴ سے ترتیبوار نافذ سمجھا جائے گا۔

(b) مذکورہ نوٹیفکیشن کے سلسلے میں ضلع کاؤنسل کی طرف سے روانگی محصول لگانے، بازیاب کرنے، وصول کرنے، جمع کرنے یا محسوس کرنے کو ہمیشہ ایسے ہے کارگر طریقے سے لگانے، بازیاب کرنے، وصول کرنے، جمع کرنے اور محسوس کرنے کے لیئے کارگر سمجھا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔